صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 17 فروری 2012ء
بمطابق 24 ربیع الاوّل 1433 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا0 حَدَآئِقَ وَأَعْنَـٰبًا0 وَكَوَاعِبَ أَتْرَابًا0 وَكَأْسًا دِهَاقًا0 لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلَا كِذَّٰبًا0 جَزَآءً مِّن رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا0 رَّبِّ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ٱلرَّحْمَـٰنِ لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَابًا0 يَوْمَ يَقُومُ ٱلرُّوحُ وَٱلْمَلَـٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ ٱلرَّحْمَـٰنُ وَقَالَ صَوَابًا0 ذَٰلِكَ ٱلْيَوْمُ ٱلْحَقُّ فَمَن شَآءَ ٱتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِۦ مَـَٔابًا۔ صَدَقَ ٱللّٰهُ ٱلْعَظِيمِ۔

(ترجمہ): بیشک پرہیزگاروں کیلئے کامیابی ہے۔(یعنی) باغ اور انگور اور ہم عمر نوجوان عورتیں اور شراب کے چھلکتے ہوئے گلاس۔ وہاں نہ بیہودہ بات سنیں گے نہ جھوٹ۔ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے صلہ ہے انعام کثیر۔ وہ جو آسمانوں اور زمین اور جو ان دونوں میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان کسی کو اس سے بات کرنے کا یارا نہیں ہوگا۔ جس دن ذی روح اور فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے تو کوئی بول نہ سکے گا مگر جس کو (خدائے رحمٰن) اجازت بخشے اور اس نے بات بھی درست کہی ہو۔ یہ دن برحق ہے۔ پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانہ بنائے۔ و آخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔آج کچھ معزز مہمانان آئے ہیں United Kingdom of Britian سے: چوہدری اللہ دتہ صاحب، Mayor, High Wycombe؛ چوہدری پرویزاختر صاحب، پریزیڈنٹ، پی پی پی، برمنگھم؛ چوہدری محمد شعبان، Political Coordinator to Prime Minister of AJK۔ پورے ہاؤس کی طرف سے ہم ان کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

(تالیاں)

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : مفتی کفایت اللہ صاحب، مفتی صاحب، مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: مائیک آن نہیں ہے۔

جناب سپیکر: مائیک آن کریں۔ مفتی صاحب! آپ سے خفا ہے، بڑے عرصے بعد آپ آئے ہیں تو مائیک آپ سے خفا ہے۔ نہیں آن ہو رہا؟ دوسرے مائیک پر چلے جائیں۔ (قہقہہ) مفتی صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جی۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ یہ سوال نمبر 19 ہے۔

جناب سپیکر: جی۔

* 19 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر اوقاف حج ومذہبی امور از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں دینی مدارس کی اچھی خاصی تعداد موجود ہے اور حکومت ان مدارس میں سے بعض کی مدد بھی کرتی ہے؛

(ب) گزشتہ تین سالوں میں کس کس دینی مدرسے کو امداد دی گئی ہے، مدرسے کا نام، مہتمم کا نام اور رقم کی تفصیل بمعہ تاریخ ادائیگی فراہم کی جائے؛

(ج) نیز مذکورہ امداد محترم وزیراعلیٰ صاحب یا محترم وزیراوقاف صاحب کی تجویز پر ادا کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب نمروز خان (وزیر اوقاف، حج ومذہبی امور): (الف) جی ہاں۔

(ب) گزشتہ تین سالوں میں جن مدارس، دارلعلوم کو امداد فراہم کی گئی، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور صوبائی وزیر اوقاف خیبر پختونخوا کی جانب سے منظور شدہ لسٹ میں مدارس / دارلعلوم کے مہتمم کا نام درج نہیں ہوتا۔

(ج) صوبائی حکومت کی جانب سے مرتب کردہ طریقہ کار کے تحت امداد کا 30% حصہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوااور 70% حصہ صوبائی وزیر اوقاف کی صوابدید کے مطابق ادا کیا جاتا ہے۔(تفصیل فراہم کر دی گئی)۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: جی ہاں۔جناب سپیکر، میں نے مذہبی امور اور اقلیتی امور کے وزیر موصوف سے پوچھا ہے کہ آپ دینی مدارس کو جب پیسے دیتے ہیں، رقم دیتے ہیں، مدد کرتے ہیں تو اس کی کیا تفصیل ہے؟ تو انہوں نے مجھے پوری تفصیل دی ہے اور تین سالوں کی تفصیل دی ہے۔یہ بھی میں نے پوچھا ہے کہ وزیر اعلیٰ صاحب کتنے فیصد خرچ کرتے ہیں اور وزیر موصوف خود کتنے فیصد خرچ کرتے ہیں؟ اس کی بھی مناسب تفصیل ہے لیکن بہت زیادہ افسوسناک بات یہ ہے کہ کوئی یونیفارم پالیسی نہیں ہے، مدارس کی تعداد کتنی ہے اور آپ نے اس کو کس طرح فنڈ دینا ہے؟ میرے اندازے کے مطابق اس صوبے کے اندر تین ہزار دینی مدرسے ہیں اور ایک ایک دینی مدرسے کا ایک مہینے اور ایک سال کا اتنا بجٹ ہے جو پورے محکمے کا نہیں ہے تو اس کے معنی یہ ہیں کہ دینی مدارس عوام چلاتے ہیں، گورنمنٹ نہیں چلاتی۔پھر گورنمنٹ ان کو مدد تو نہیں دے سکتی تو جتنا یہ اظہار امداد کرتے ہو تو اس کے اندر کوئی یونیفارم پالیسی ہونی چاہیئے تھی۔ اب ایک ضلع کو اتنا زیادہ نوازا گیا ہے اور کچھ اضلاع کو بالکل یاد نہیں کیا گیا اور اس میں یہ بھی خیال نہیں کیا گیا کہ جو علاقے دیہات میں ہیں، ان کو کس طرح مدد دی جائے اور جو شہری ہیں، وہ بھی، اور جناب سپیکر، ایک عجیب بات ہے، اس کو آپ خوش قسمتی کہہ لیں یا بد قسمتی کہہ لیں کہ ہمارے دینی مدارس مسلکوں پر تقسیم ہیں، یہاں پر کچھ مدرسے اہل تشیع کے ہیں تو کچھ اہل سنت کے ہیں، کچھ مدرسے ایسے ہیں جن کا تعلق اہل حدیث سے ہے یا جماعت اسلامی سے ہے، کچھ مدرسے ایسے ہیں کہ اس میں علماء بریلوی کام کرتے ہیں اور کچھ علماء دیوبند کے ہیں، انہوں نے ان تمام باتوں کا خیال نہیں رکھا اور میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ خاصکر وہ مسالک جن کو یہاں نظر انداز کیا ہے، ان کو گلہ ہے۔میری وزیر صاحب سے یہ درخواست ہوگی کہ آپ اتنی رقم کیوں نہیں دے سکتے؟ عوام الحمدللہ دین دار ہیں، وہ مدرسے چلاتے ہیں، آپ جتنی رقم دیتے ہیں تو اس میں انصاف کی کوئی پالیسی بنائیں اور اس طرح بنائیں کہ اس پر کسی کو اعتراض نہ ہو۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر فارحج، اوقاف، مذہبی امور۔۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی لودھی صاحب۔آپ ایک منٹ جی، منسٹر صاحب، ایک منٹ۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب، انہوں نے جو تفصیل مانگی ہے تو یہ ہر سال میں تقریباً کروڑوں روپے کی تفصیل انہوں نے دی ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ ان کا صوابدیدی فنڈ ہے؟ یہ Visit پر جاتے ہیں اور وہاں اعلان کر کے دے دیتے ہیں یا یہ کسی ڈسٹرکٹ، ہمارے ڈسٹرکٹ کو تو بالکل، بہت سے Ignore کئے گئے ہیں۔ چوبیس ڈسٹرکٹس میں تین چار، پانچ چھ ایسے ڈسٹرکٹس ہیں جنہیں بہت زیادہ نوازا گیا ہے تو یہ کیسے کروڑوں روپے دیتے ہیں؟ یہ تقریباً Per month دس بارہ لاکھ روپیہ جارہا ہے تو یہ کس مد میں جاتا ہے، ان کی Buildings repair کرتے ہیں یا طلباء کو دیتے ہیں؟ اس میں کچھ بھی ذکر نہیں ہے کہ یہ کونسی ہے، کس وجہ سے دی ہے، ان کی کتابیں خریدی جارہی ہیں یا کس مد میں دی ہے؟ اس کی کوئی تفصیل نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Honourable Namroz Khan Sahib, please.

جناب نمروز خان (وزیر اوقاف، حج و مذہبی امور): سپیکر صاحب، شکریہ۔ جناب مفتی صاحب نے جو سوال اٹھایا ہے، اس کی تو تفصیل دی گئی ہے کہ تین سال کی جو ہم نے Payments کیں ہیں، میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ گورنمنٹ کے پاس کوئی ایسا فنڈ نہیں ہے جو کہ تمام مدارس کو دی جاتی ہے، یہ گرانٹ Grant in aid کی شکل میں کوئی 20 ملین جو ہیں، وہ ہیں اور یہ اماؤنٹ جو ہے، یہ On need basis پر دیتے ہیں۔ بڑے مدارس کے تو اخراجات اتنے زیادہ ہیں کہ ان کو تو پورا کرنا بڑا مشکل ہے لیکن جو چھوٹے چھوٹے مدارس ہیں، جہاں پر حفظ ہوتا ہے، قرآنی تعلیم دیا جاتا ہے خاصکر ہم ایسے مدارس کو بیس ہزار چالیس ہزار، پچاس ہزار، لاکھ، Maximum amount جو اس میں ہے، دو لاکھ کا ہے تو یہ ہم Aid دیتے ہیں، وہ بھی مخصوص اماؤنٹ ہے، تو مفتی صاحب نے کہا ہے کہ مختلف مسالک ہیں، تو اس میں مسالک کا کوئی ذکر نہیں ہے، جو کوئی Application آجاتی ہے تو اس کو ہم چیک کرتے ہیں اور جو ضرورتمند ہو تو اس کو On need basis پر Payment کرتے ہیں۔ تو مفتی صاحب سے گزارش ہے کہ اس میں ایسا کوئی علیحدہ فنڈ مدارس کیلئے نہیں، چودہ سو، ساڑھے چودہ سو مدارس ہیں پورے صوبہ خیبر پختونخوا میں اور ان مدارس کو ہم دیتے ہیں جو رجسٹرڈ ہیں اور جن کی درخواست آتی ہے، ان کی جانچ پڑتال کرتے ہیں اور اسکے بعد Payment کرتے ہیں ان کو Cheque کی صورت میں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، Again مفتی کفایت اللہ صاحب۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ہں جی؟ پیر صاحب! وقت گزر گیا، ٹرین گزر گئی ہے، چلیں بتادیں جی۔

سید محمد صابر شاہ: جناب سپیکر، میں منسٹر صاحب سے آپ کی وساطت سے۔۔۔۔

جناب سپیکر: پیر صابر شاہ صاحب کا مائیک آن کریں۔

سید محمد صابر شاہ: میں آپ کی وساطت سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ مدارس کیلئے یہ جو کروڑوں روپے ہیں، یہ یقیناً زکواۃ فنڈ سے دیئے جاتے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ یہ اچھی بات ہے کہ دینی مدارس کو رقم دی جائے لیکن دوسرا یہ کہ زکواۃ فنڈ سے ہم دیکھتے ہیں کہ جہاں بھی ہماری گاڑیاں کھڑی ہوتی ہیں، بازاروں میں، شہروں میں، ہم لوگوں کو دیکھ رہے ہیں کہ وہ بھیک مانگ رہے ہیں، تو کیا یہ اس فنڈ سے کوئی ایسا ادارہ قائم کرنا چاہتے ہیں کہ جہاں پر وہ لوگ جو کہ مجبور ہیں اور اسی سے فائدہ بھی اٹھا رہے ہیں پروفیشنل لوگ، تاکہ ہم یہ بھیک مانگنے پر پابندی لگائیں اور ایسے ادارے بنا دیئے جائیں کہ جہاں ان کو بھی زکواۃ فنڈ سے Accommodate کیا جائے اور وہاں پر وہ رہیں بھی، دارالفلاح قسم کے، کیا وہ ادارے بنانے کیلئے کوئی پروگرام ایسا ہے کہ وہ شروع کرنا چاہتے ہیں، ارادہ رکھتے ہیں یہ؟

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب۔ یہ سوال تو Related نہیں ہے لیکن کوئی پروگرام آپ کا ہے؟ ویسے ہی انفارمیشن، For the sake of information۔

وزیر اوقاف، حج و مذہبی امور: شاہ صاحب کا کوسچن سے تو Related نہیں، زکواۃ کا ہے۔ جو امداد زکواۃ سے دی جاتی ہے اس کا علیحدہ ہوتا ہے، یہ جب دیتے ہیں، یہ Grant in aid کی شکل میں ہے، یہ کوئی Twenty million پورے سال کی، تو یہ Need basis پر دیتے ہیں، جن کو ضرورت ہو، چھوٹی موٹی ضروریات ہوں تو وہ پوری کرتے ہیں لیکن آپ نے جو تجویز دی ہے تو انشاء اللہ اس کو ہم ڈسکس کر سکتے ہیں اور یہ ایک بہت اچھی تجویز ہے تو انشاء اللہ یہ زیر غور لائی جا سکتی ہے۔ مہربانی۔

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: پہلے سوال پر اطمینان کا نہیں پوچھتے آپ؟

جناب سپیکر: (قہقہہ) آگے جائیں، آگے جائیں۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر۔ یہ سوال نمبر 22 ہے جی۔

جناب سپیکر: نہیں 21 ہے، 21 کو آپ پڑھیں، رہ گیا نا۔

مفتی کفایت اللہ: 21 ہے جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 21 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ صوبے میں قدرتی پانی (دریاؤں اور تالابوں) کا انتظام اور ان میں بہتری لانے کیلئے اقدامات کرتا ہے؛

(ب) محکمہ ہیچریوں اور مچھلیوں کی پیداوار بڑھانے کیلئے بھی اقدامات کرتا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جواب اثبات میں ہوں تو محکمہ کی طرف سے اٹھائے گئے مذکورہ اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔ محکمہ فشریز، خیبر پختونخوا قدرتی پانی (دریاوں اور تالابوں) میں بچہ مچھلی سٹاک کرتا ہے اور اس کی افزائش اور نگرانی کیلئے فیلڈ سٹاف مقرر کیا ہے۔

(ب) جی ہاں یہ درست ہے۔ محکمہ فشریز، خیبر پختونخوا ہیچریوں اور مچھلیوں کی پیداوار بڑھانے کیلئے مندرجہ ذیل اقدامات کر رہا ہے:

1- گرم پانیوں میں ابھی تک 5 عدد کارپ ہیچریاں، پشاور، کوہاٹ، ڈی آئی خان، مردان بنوں، بنائی گئی ہیں۔

2- ٹھنڈے پانیوں میں 7 عدد ہیچریاں مدین ٹراوٹ ہیچری سوات، دیر بالا، الپوری ٹراوٹ ہیچری شانگلہ، چترال، بٹگرام، کوہستان اور مانسہرہ میں کام کر رہی ہیں۔ ان ہیچریوں سے مصنوعی نسل کشی کے ذریعے مچھلی پونگ پیدا کر کے سرکاری اور غیر سرکاری پانیوں میں ڈالا جاتا ہے تاکہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ پروٹین سے بھرپور خوراک ارزاں نرخوں پر دستیاب ہو سکے اور مارکیٹ میں مچھلیوں کی کھپت میں اضافے کا سبب بن سکے۔

(ج) مندرجہ بالا ہیچریوں سے حاصل ہونے والا پونگ (بچہ) مچھلی سرکاری پانیوں، تربیلا ڈیم، خانپور ڈیم، تاندہ ڈیم کوہاٹ، باران ڈیم بنوں، اضاخیل ڈیم پشاور اور دوسرے تقریباً 14 ڈیموں میں برائے افزائش ڈالی جاتی ہے اور ان ڈیموں، سرکاری پانیوں کو نیلام عام کے ذریعے ٹھیکے پر دے کر صوبے میں لحمیاتی خوراک کی کمی پوری کرنے، روزگار بڑھانے اور آمدنی بڑھانے کا ذریعہ بنتی ہے۔ اس کے علاوہ نجی شعبے میں بنائے گئے پرائیویٹ فش فارموں کو بھی بچہ مچھلی سپلائی کر کے ان کی آمدنی میں اضافے اور غربت میں کمی کا سبب بنتی ہے۔

گزشتہ 3 سالوں کے دوران محکمہ کی آمدنی کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں:

سال	آمدنی کی رقم
2007-08	10338148روپے
2008-09	10929332روپے
2009-10	13388649روپے

گزشتہ تین سالوں کے دوران گرم پانیوں کی کارپ مچھلیوں اور ٹھنڈے پانیوں کی ٹراؤٹ مچھلیوں کی صوبہ خیبر پختونخوا کی تمام گورنمنٹ ہیچریوں میں بچہ مچھلیوں کی پیداوار کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں:

پیدائش مچھلی بچہ (کارپ مچھلی)

سال	پیدائش مچھلی بچہ
2007-08	5318353
2008-09	5640620
2009-10	5806300

پیدائش مچھلی بچہ (ٹراؤٹ مچھلی)

سال	پیدائش مچھلی بچہ
2007-08	590118
2008-09	602040
2009-10	671646

جناب سپیکر: اس پر کوئی، سپلیمنٹری اس میں ہے کوئی؟

مفتی کفایت اللہ: جی میں نے اس لئے وزیر ماحولیات صاحب سے یہ پوچھنا چاہا تھا کہ آپ نے مچھلی کی افزائش نسل کیلئے کیا کیا ہے اور باہر سے کس قسم کی مچھلیاں منگواتے ہیں؟ انہوں نے کارپ مچھلی اور ٹراؤٹ مچھلی کے بارے میں تو کچھ بتایا ہے لیکن وہ جو شیر ماہی یا ماشیر قسم کی مچھلی ہے، اس کے بارے میں بتانے سے یہ قاصر ہیں۔ ہمارے پشتو میں اس کو چکار یا سینگلئ کہتے ہیں، محترم وزیر موصوف کا تعلق سوات سے ہے، اگر وہ سینگلئ اور چکار مچھلی کے بارے میں کچھ بتائیں جو نایاب ہیں اور ناپید ہو رہی ہیں تو مجھے تسلی ہو جائے گی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب۔ ایک اور سپلیمنٹری ہے، ملک ستار صاحب، کوہستان چیف۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، مفتی صاحب نے سوال اٹھایا ہے، اس میں دو قسم کے پانی کا ذکر کیا گیا ہے، ایک گرم پانی جس کو سرکاری پانی کے نام سے یاد کیا گیا ہے جو جھیلوں کا پانی ہے، ڈیموں کا پانی۔ ایک دوسرے قسم کے پانی کا ذکر کیا گیا ہے جس میں ہم ٹراؤٹ فش اور دوسری مچھلیوں کی افزائش کرتے ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ کے Water analysis کے مطابق کوہستان میں ایک دریا کا پانی ہے جو جھیلوں سے نکلتا ہے، وہ دنیا میں Most favourable water ٹراؤٹ فش کیلئے ڈکلیئر ہوا ہے لیکن مجھے افسوس ہے کہ وہ پانی سرکاری نہیں ہے۔ یہاں پر میں نے اپنے طور پر دو سال پہلے ٹراؤٹ فش ان جھیلوں میں ڈالی ہے جو آج Growth کر کے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ وہ بالغ ہیں۔ تو کیا گورنمنٹ / ڈیپارٹمنٹ ایسے پانی کو جو دنیا میں سب سے اچھا پانی ہے، ٹراؤٹ فش کیلئے، وہاں سرکاری طور پر ان مچھلیوں کا کوئی انتظام کر دے تاکہ اس کی نسل آگے بڑھے؟

جناب سپیکر: آنریبل واجد علی خان صاحب۔

وزیر ماحولیات: محترم سپیکر صاحب، کومے خبرے ته چه ستار خان او مفتی صاحب اشاره اوکړه نو اوبه خو دوه قسمه دی، یو یخے دی او یو گرمے دی۔ د گرمو خپل قسم دے او د یخو خپل قسم دے، کومو کښے چه هغه ټراؤټ مهے مونږ وراچوؤ، د هغے په لکهونو، ډیټیل ئے ورکړے دے چه دا مونږ بچی چه دی، دا مختلفو دریابونو ته یا ډیمونو ته په هغے کښے دا مونږ استعمالوؤ، هغے ته ئے اچوؤ او دغه وجه ده چه ستار خان چه کوم بچی اچولی دی، کوم چه سرکاری ټراؤټ هیچری نه به ئے اغستی وی خو لیکن نن چه دوئ چه کوم طرف ته اشاره کړے ده، هغه ځائے ډیر زیات فیزیبل دے د ټراؤټ مهی د پاره خو هغه ډیر Far-flung area، پالس ویلی کښے دوئ اوسی، دوئ چه کوم ځائے ته اشاره کوی، هغه ډیر لرے دے خو لکه نن چه د دوئ کوم تجویز دے نو دا قابل عمل دے او مونږ په دیکښے دوئ سره مطلب دا دے کمک کولے شو چه مزید دغه مونږه هم په سرکاری توگه باندے دیکښے ځومره هم مهے اچولے شو، بچی اچولے شو، هغه به ورته وروا چوؤ۔ دوئ چه کومه Area identify کړے ده ځکه چه هغه دوئ چه کوم بچی اچولی دی، هغے ته خلق Satar babies وائی ځکه چه دا دوئ جوړ کړی دی او دوئ ډیر بنه----

(قہقہے / قطع کلامی)

Mr. Speaker: Satar babies!

وزیر ماحولیات: او هغے ته خلق Satar babies وائی نو دا د دوئ یو ډیر ښه ذاتی کوشش دے چه هغه مونږ Appreciate کوؤ۔ هم په دے حواله باندے د دے نه علاوه جی دے مفتی صاحب چه کوم طرف ته اشاره اوکړله، زمونږ سره چه کوم لوکل مهے دے د سوات په سیند کښے یا چه کوم ته دوئ اشاره کوی، په هغے کښے مهاشیر زمونږ سره یو قسم دے چه د هغے هیچری چه کوم ده، هغه مونږ ملاکنډ ایجنسئ کښے جوړه ده او په هغے کښے هغه بچی پیدا کوی او هغه بیا پریږدی هغے ته او کوم چه شیر ماهی دوئ وائی نو په شیر ماهی باندے اوس یو ټاسک چه دے، هغه پرے روان دے په دغه حواله باندے او تجربات پرے کیږی چه هغه مونږه دلته پیدا کولے شو، زیاتولے شو که نه شو؟ نو زمونږ چه کومه د شیر آباد هیچری ده، هغے کښے په دے باندے تجربه روانه ده او تجرباتی بنیادونو باندے په هغے کار روان دے۔ کوم چه زمونږ لوکل مهی دی نو یقیناً چه هغه اثاثه هم زمونږ ده او کوشش زمونږ دا دے چه هغه مونږ Develop هم کړو او زیات هم کړو او دا مونږ کامیاب کړو چه دے سیندونو کښے دا پریږدو۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ Again مفتی کفایت اللہ صاحب۔ مفتی صاحب! نن خو ټول ستاسو د دواړو مفتیانو صاحبانو ورځ ده۔

مفتی کفایت اللہ: د حوصله افزایئ شکریه جی۔

جناب سپیکر: ښه ده دلچسپی اخلئ، ښه خبره ده جی۔ مفتی کفایت الله صاحب، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 22 جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 22 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ جنگلات غیر قانونی کٹائی پر کارروائی کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کتنے افراد پر جرمانہ کیا گیا ہے اور کتنے افراد کے خلاف کیسز درج کئے گئے ہیں، نیز کیسز پر ہونے والے حکومتی اخراجات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب واحد علی خان(وزیر ماحولیات): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ جنگلات نے 24748 افراد سے جرمانہ وصول کیا اور 32450 افراد کے خلاف کیسز درج کئے گئے ہیں جن کی پیروی محکمہ کی مقرر شدہ فارسٹ سٹینڈنگ کونسل اور بذریعہ فارسٹ پبلک پراسیکیوٹرز کی جاتی ہے، جن کو سرکاری خزانے سے ماہانہ تنخواہ ملتی ہے۔ اس کے علاوہ حکومت کو مزید اخراجات نہیں اٹھانا پڑتے۔

مفتی کفایت اللہ: اصل میں وزیر صاحب کے ساتھ بہت سے محکمے ہیں جی۔ یہ مچھلی کا سوال کیا جائے تو بھی یہ واجد علی خان جواب دیتے ہیں اور جنگل کا سوال کیا جائے تو بھی واجد علی خان جواب دیتے ہیں اور بہت سارے ماحولیات کے بارے میں پوچھے جائیں تو وہ تو ہیں ہی وزیر ماحولیات۔ میری گزارش اس سوال نمبر 22 میں یہ تھی کہ آپ مجھے یہ بتائیں کہ گزشتہ پانچ سالوں میں کتنے افراد پر جرمانہ ہو گیا ہے جو غیر قانونی کٹائی کرتے ہیں جنگلات کی اور اس سے ہمیں کتنے پیسے حاصل ہو گئے ہیں؟ تو انہوں نے الفاظ کے ہیر پھیر میں مجھے اس کا جواب نہیں دیا، باقی جواب دیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ جواب نامکمل ہے۔ اگر وزیر صاحب ناراض نہیں ہوتے تو سٹینڈنگ کمیٹی کو یہ ریفر کر دیں تاکہ وہاں تفصیل سے بات ہو سکے۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی ستار خان صاحب۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر، یہاں پہ جنگلات کی غیر قانونی کٹائی پر کارروائی کی بات کی تو ڈیپارٹمنٹ نے تسلیم کیا کہ "ہاں یہ درست ہے "تو 92ء کے بعد آج تک جو جنگلات پر پابندی ہے لیگل کٹائی پر، جس کی وجہ سے یہ نوبت آرہی ہے کہ جنگلات کی کٹائی ہو رہی ہے ہمارے پورے صوبے میں تو 18th amendment کے بعد یہ سبجیکٹ صوبے کو حوالہ ہوا، میں اس چیز کو پورے ہاؤس کو کلیئر کرنا چاہتا ہوں کہ جو لیگل راستہ ہمارے پاس تھا، اس کو بند کیا گیا 92ء کے بعد، Illegal راستہ، پالیسی کے تحت Illegal timber، مطلب اگر گورنمنٹ نکال رہی ہے، جس میں تمام Stakeholders کو نقصان ہے، گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ، اونرز کو، تو اب صوبے کے پاس سبجیکٹ یہ آیا ہے، تو کیا جو قانونی ورکنگ پلان ہے جس کے تحت ساری جو لکڑی مختلف مارکیٹس میں آتی ہے، اس پر گورنمنٹ کا کوئی ارادہ ہے کہ اس پہ کام ہو رہا ہے؟ کیا کیبنٹ کی کوئی اس پہ کمیٹی ہے؟ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں، یہ پورے صوبے کا مسئلہ ہے سر، تاکہ یہ نوبت ختم ہو۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب۔
وزیر ماحولیات: جناب سپیکر صاحب، مفتی صاحب سوال کښے وائی چه "محکمه جنگلات غیر قانونی کٹائی پر کارروائی کرتا ہے؟" هغه وائی "ہاں، یہ درست ہے۔ اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کتنے افراد کو جرمانہ کیا گیا ہے اور کتنے افراد کے خلاف کیسز درج کئے گئے ہیں، نیز کیسز پر ہونے والے حکومتی اخراجات کی تفصیلات فراہم کی جائیں؟ د هغے جواب مونږ ښودلے دے چه په ګزشته پینځو کالو کښے 34748 کسان جرمانه شوی دی او 32450 کسانو باندے کیسز درج شوی دی نو اخراجات څکه نشته چه د بهر ډسټرکټ یا ډویژن کښے د فارست کونسل وی چه هغے ته حکومت تنخواه ورکوی۔ د هغے نه علاوه په دے باندے ذاتی اخراجات نشته او مفتی صاحب دا سوال په کوم بنیاد باندے، صرف دا یو شے پکښے دے چه دا مونږ سټینډنګ کمیټئ ته حواله کړو۔ دویمه خبره چه ستار خان کومه اوکړه جی، د هغوی د Legal cutting په حواله باندے یو خبره ده۔ په 1992 کښے چه کوم سیلاب راغلے وو، د هغے په حواله باندے دا چه د معین قریشی ګورنمنټ چه وو، هغے په Green cutting باندے په فارسټ کښے پابندی لګولے وه او بیا هغه پابندی چه وه، هغه موجود وه خو په تیر حکومت کښے هغوی یو پالیسی Wind fall Green, Dry wind fall Policy ورکړه چه په هغے کښے وچه ونه او لویدلے ونه مارکنګ کیږی او هغه مارکیټ ته راځی خو هغه پالیسی چه د کله نه دا Devolution اوشو او ډیپارټمنټس Devolve شو نو اوس حکومت یو وزارتی کمیټی جوړه کړے ده چه هغه د دے ټول دغه جاج واخلی چه دا پالیسی فائده راولی او که نقصان راولی؟ نو هغے خپل سفارشات جوړ کړی دی او هغه سفارشات به کیبنټ ته ځی جی او چه هغوی هغه سفارشات اومنل نو یقیناً چه بیا کومے خبرے ته دوئ اشاره کوی د ورکنګ پلان په حواله باندے چه د هر فارسټ زمونږ ورکنګ پلان وی او په هغے کښے دا هم ښائی چه دیکښے Growing stock څومره دے، په دیکښے څومره د Cutting capability ده یا Capacity ده نو په هغه حواله باندے چه هغه سفارشات راشی نو که حکومت، کیبنټ مناسب اوګڼړله او هغه سفارشات ئے اومنل نو بیا چه دوئ کوم سوال

کړے دے ، د هغے جواب به دوئ ته پخپله ملاؤ شی ، د ورکنګ پلان مطابق به بیا Cutting کیږی۔

Mr. Speaker: Thank you, ji. Again Mufti Kifayatullah Sahib, Mufti Kifayatullah Sahib, Question number?

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 23۔

جناب سپیکر: جی۔

* 23 _ مفتی کفایت اللہ: کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ مچھلیوں کی افزائش نسل کیلئے اقدامات کر رہا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ نے مچھلیوں کی مختلف اقسام کی افزائش نسل کیلئے کیا اقدامات کئے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): (الف) یہ درست ہے۔

(ب) محکمہ ماہی پروری نے گزشتہ تین سالوں کے دوران مچھلیوں کی مختلف اقسام کی افزائش نسل کیلئے مندرجہ ذیل اقدامات کئے ہیں:

1۔ گرم پانیوں میں ابھی تک 5 عدد کارپ ہیچریاں پشاور، مردان، کوہاٹ، بنوں، ڈی آئی خان اور ٹھنڈے پانیوں میں 7 عدد ہیچریاں چترال، کلکوٹ، مدین، شانگلہ، کوہستان، مانسہرہ اور بٹگرام میں کام کر رہی ہیں۔ان ہیچریوں سے مصنوعی نسل کشی کے ذریعے مچھلی پونگ پیدا کر کے سرکاری اور غیر سرکاری پانیوں میں ڈالی جاتی ہے تاکہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ پروٹین سے بھرپور خوراک ارزاں نرخوں پر دستیاب ہوسکے۔

2۔ مندرجہ بالا ہیچریوں سے حاصل ہونے والا پونگ (بچہ مچھلی) سرکاری پانیوں مثلاً تربیلا ڈیم، خانپور ڈیم، تاندہ ڈیم کوہاٹ، باران ڈیم بنوں، اضاخیل ڈیم پشاور اور دوسرے تقریباً 14 ڈیموں میں برائے افزائش ڈالی جاتی ہے اور ان ڈیموں/سرکاری پانیوں کو نیلام عام کے ذریعے ٹھیکوں پر دے کر صوبے میں لحمیاتی خوراک کی کمی پورا کرنے، روزگار بڑھانے اور آمدنی بڑھانے کا ذریعہ بنتی ہے۔اس کے علاوہ نجی شعبے میں بنائے گئے پرائیویٹ فش فارموں کو بھی (بچہ مچھلی) سپلائی کر کے ان کی آمدنی میں اضافے اور غربت میں کمی کا سبب بنتی ہے۔

3۔ پشاور کارپ ہیچری کو اپ گریڈ کرنے کیلئے دو ترقیاتی سکیمیں کام کر رہی ہیں جو کہ تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔

4۔ وفاقی ترقیاتی سکیم Agriculture & Shrimp Farming کے تحت ڈی آئی خان میں رتہ کلاچی فش ہیچری کی دوبارہ تعمیر کا کام ہو رہا ہے۔

5۔ سیلاب سے متاثرہ ہیچریوں کیلئے پی سی ون بنائے گئے ہیں جو کہ منظوری کے مراحل میں ہیں۔

6۔ گزشتہ تین سالوں کے دوران گرم پانیوں کی کارپ مچھلیوں اور ٹھنڈے پانیوں کی ٹراوٹ مچھلیوں کی بچہ مچھلی کی صوبہ خیبر پختونخوا کی تمام گورنمنٹ ہیچریوں میں پیداوار کے اعداد و شمار درج ذیل ہیں:

پیدائش مچھلی بچہ (کارپ مچھلی)

سال	پیدائش مچھلی بچہ
2007-08	5318353
2008-09	5640620
2009-10	5806300

پیدائش مچھلی بچہ (ٹراوٹ مچھلی)

سال	پیدائش مچھلی بچہ
2007-08	590118
2008-09	602040
2009-10	671646

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: جی ہاں۔ میں نے اس میں وزیر صاحب سے پوچھا ہے کہ مچھلیوں کی افزائش نسل کیلئے کیا اقدامات اب تک حکومت کر رہی ہے تو انہوں نے تفصیلی جواب دیا ہے۔ میں آپ کو متوجہ کرتا ہوں اس کے جواب نمبر 5 پر جی، انہوں نے کہا ہے کہ "سیلاب سے متاثرہ ہیچریوں کیلئے پی سی ون بنائے گئے ہیں جو کہ منظوری کے مراحل میں ہیں"۔ سپیکر صاحب، آپ کو بھی پتہ ہے کہ ہماری اسمبلی میں کتنے دن باقی رہ گئے ہیں، ان کو بھی پتہ ہے، ابھی پی سی ون ہی چل رہا ہے۔ سیلاب کب آیا ہے، پی سی ون کب آیا ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا وزیر تو بہت تگڑہ وزیر ہے، یہ ذرا محکمے کے کان کھینچیں کہ یہ کام ذرا جلدی کرے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب، واجد علی خان صاحب۔ وائی دغه پی سی ون لیٹ شوے دے؟

وزیر ماحولیات: نو دا سے دہ جی چہ پی سی ون، د دے خپلے مرحلے وی نو تقریباً زما پہ خیال پی سی ون تیار دے او پہ دے اے ڈی پی کبنے بہ شامل شی او پہ زیاتو باندے کار شوے ہم دے خو د ھغے د اوبو چہ کومے لارے وے، د ځنی ځنی ھیچرو ھغہ لارے اوبو وړے وے، ھغہ ئے ورتہ جوړے کړی دی او کوم ځائے چہ بالکل لکہ مدین ھیچری چہ وہ، ھغہ بالکل تباہ شوے دہ، ھغہ سیلاب وړے دہ، د ھغے د ری کنسٹرکشن د پارہ ھغہ پی سی ون تیار دے، مونږ سرہ بہ پہ اے ډی پی کبنے دا شامل شی او انشاء اللہ کار بہ پرے روان شی۔

Mr. Speaker: Thank you. Mufti Kifayatullah Sahib, again.

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 24۔

جناب سپیکر: جی۔

* 24 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حالیہ سیلاب میں، ہر محکمے کی طرح محکمہ جنگلی حیات کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے، جس میں کنڈپارک ضلع نوشہرہ کی جنگلی حیات بھی شامل ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ سیلاب میں کنڈپارک کا کتنا نقصان ہوا ہے اور کون کونسی قسم کے حیوانات اور پرندے ہلاک ہوئے ہیں اور ان کی مالیت کتنی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) مذکورہ نقصانات کی تلافی کیلئے جو اقدامات کئے گئے ہیں، ان کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) کنڈپارک میں محکمہ جنگلی حیات کی قائم کردہ تمام تنصیبات میں سے پنجرہ جات کو جزوی نقصان پہنچا ہے جبکہ ان میں رکھے ہوئے تمام چرند و پرند کو سیلاب بہا کر لے گیا تھا۔ سیلاب سے ہلاک اور بہہ جانے والے جانوروں اور پرندوں کی تفصیل بمعہ مالیت درجہ ذیل ہے:

S No.	Species	Numbers	Approximate cost(each)	Total value
01	Spotted Deer	37	100000	3700000
02	Black Buck	28	50000	1400000
03	Hog Deer	06	70000	420000

04	Chinkara Deer	04	40000	160000
05	Common leopard	02	200000	400000
06	Urial	02	50000	100000
07	Blue Java peacock	21	20000	420000
08	White Peacock	19	10000	190000
09	Black Shoulder Peacock	08	20000	160000
10	Silver Pheasant	05	4000	20000
11	Ring Necked Pheasant	23	1000	23000
12	Broody Hen	14	500	7000
13	Eggs of Wild birds	50	100	5000
14	Total	219	----	7005000

(ب) (ii) اس ضمن میں تمام نقصانات کی تفصیل گورنمنٹ کو مہیا کی گئی ہے اور اس کی دوبارہ بحالی کیلئے منصوبہ بھی بنایا گیا ہے جو کہ حکومت کے زیر غور ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: جی ہاں۔ جناب سپیکر، میں نے ان سے پوچھا ہے کہ کنڈ پارک میں آپ کا کتنا نقصان ہوا ہے اور کون کونسی قسم کے حیوانات اور پرندے ہلاک ہوئے ہیں؟ تو انہوں نے جو جواب دیا ہے، مجھے اس سے اطمینان ہونا چاہیئے لیکن میں معافی چاہتا ہوں، اپنی ذاتی انفارمیشن شیئر کرتا ہوں وزیر موصوف سے، میں کسی کا نام تو نہیں لے سکوں گا لیکن ایسے اہلکار ہیں جنہوں نے جان بوجھ کر یہ نقصان کیا ہے اور بعض قیمتی اشیاء کو انہوں نے تلف کیا ہے، مارا ہے، اگر ان کی بھی یہی اطلاعات ہیں تو ایسے ظالم اہلکاروں کے خلاف انہوں نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Environment.

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): محترم سپیکر صاحب، ستاسو په وساطت سره مفتی صاحب سره که داسے څه انفارمیشن وی چه واقعی داسے کار شوے وی نو دا خو ډیر زیات مجرمانه فعل دے، د هغے خلاف به سخت نه سخت کارروائی مونږ اوکړو، که دوئ مونږ سره خپل انفارمیشن شیئر کړی۔ لکه داسے انفارمیشن زما سره چا نه دی شیئر کړی نو یقیناً چه د دوئ معلومات وی نو هغه به Authentic هم وی نو که داسے څه وی هم او دوئ مونږ سره شیئر کړی نو انشاء اللہ تعالیٰ د هغے خلاف به کارروائی مونږ اوکړو۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: اچھی خبر ہے۔ مفتی صاحب! آپ حکومت کی مدد کریں، شیئر کریں اپنی انفارمیشنز۔ مفتی سید جانان صاحب، سوال نمبر ؟

مفتی سید جانان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سوال نمبر 71 دے جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 71 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر قدرتی وسائل و ترقی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف مقامات پر قدرتی ذخائر مثلاً کوئلہ اور ماربل موجود ہیں اور ان کانوں میں مزدور بھی کام کرتے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2003ء سے تاحال مذکورہ ذخائر سے کتنی آمدنی ہوئی ہے، نیز حکومت مزدور طبقہ کو یومیہ مزدوری کے علاوہ کونسی سہولیات فراہم کرتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود زیب خان (وزیر معدنیات و معدنی ترقی): (الف) ہاں، یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف مقامات پر قدرتی ذخائر مثلاً کوئلہ، ماربل، کرومائیٹ، سوپ سٹون، فیلڈ سپار، جپسم اور کئی دوسرے ذخائر وافر مقدار میں موجود ہیں اور ان کانوں میں ہزاروں کی تعداد میں مزدور کام کر رہے ہیں۔

(ب) مذکورہ ذخائر سے موصول آمدنی کی تفصیل (2008 سے تاحال)

1۔ رائیلٹی کی مد میں موصول آمدنی: 2008 تا 2010 -/284,358,034 روپے۔

2۔ ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں آمدنی: 2008 تا 2011 -/171,387,973 روپے۔

3۔ دوسری قسم کی فیسوں مثلاً درخواست، تجدید، ٹرانسفر اور سیمنٹ فیکٹریوں سے رائیلٹی وغیرہ سے آمدنی کی تفصیل: 2008 تا 11-2010 -/1,686,613,914 روپے۔

4۔ حکومت صوبہ خیبر پختونخوا/صوبہ میں موجود مختلف اقسام کی معدنیات کے کانوں میں کام کرنے والے ہزاروں مزدوروں کو مندرجہ ذیل سہولیات مہیا کر رہی ہے:

1۔ دس ہزار روپیہ جہیز گرانٹ فی بچی برائے شادی۔

2۔ مفت تعلیمی سہولت۔ گرائمر فولک پبلک سکولوں کے ذریعے۔

3۔ تین لاکھ روپے فوتگی گرانٹ۔

4۔ حادثات سے بچاؤ کی مفت ٹریننگ۔

5۔ دوران حادثہ کان میں پھنسے ہوئے مزدوروں کو بحفاظت نکالنے کیلئے ریسکیو کے انتظامات بہم پہنچانا۔

6۔ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کے بچوں جو سرکاری اور غیر سرکاری تعلیمی اداروں میں تعلیم کیلئے درج ذیل شرح سے تعلیمی وضائف کی منظوری:

جماعت	شرح
(الف) دسویں جماعت تک طالب علموں کیلئے	200روپے ماہوار۔
(ب) دسویں جماعت کے بعد طالب علموں کیلئے	300روپے ماہوار۔

7۔ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کیلئے درج ذیل آبنوشی اور صحت کے منصوبوں کی منظوری جنکی تکمیل رواں سال متوقع ہے۔

1۔آبنوشی کے منصوبے:

نمبر شمار	نام منصوبہ	جگہ
1۔	آبنوشی (ٹیوب ویل)	شاہ کوٹ، ضلع نوشہرہ۔
2۔	آبنوشی (ٹیوب ویل)	شیروان، ضلع ایبٹ آباد۔
3۔	آبنوشی (ٹیوب ویل)	پلوڈھیری، ضلع مردان۔

2۔صحت کے منصوبے:

نمبر شمار	نام منصوبہ	جگہ
1۔	ڈسپنسری	غنڈوترکو، ضلع صوابی۔
2۔	ڈسپنسری	جنہ اسماعیل خیل، ضلع کرک۔
3۔	ڈسپنسری	بمپوخہ، ضلع بونیر۔
4۔	ڈسپنسری	جبہ خٹک، ضلع نوشہرہ۔

8۔ مزدوروں کو کام کی جگہ پر لانے اور لے جانے کیلئے ٹرانسپورٹ کی منظوری۔

9۔ ایمرجنسی کی حالت میں مزدوروں کے استعمال کیلئے ایمبولینس کی منظوری، علاوہ ازیں مزدوروں کو رہائشی سہولت فراہم کرنے کی غرض سے ہاؤسنگ بورڈ کا اجلاس طلب کر لیا گیا ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی سید جانان: دا سوال جی دویم ځل دے چه دا راځی۔ د دے جی د راوړلو زما یو مقصد دے۔ دا جی ایکسائز ڈیوٹی کی مد میں آمدنی کی تفصیل۔ دا جی تقریباً 17 کروړ روپئ راغلے دی او فیس وو، مثلاً درخواست دے جی، دیکښے جی تقریباً د ایک ارب

نه د پاسه روپئ راغلی دی او دا خلق چه کوم دی، دا مزدور کار خلق دی، ما مخکښې دلته یوه خبره کړې وه چه لیډی ریډنګ هسپتال کښې دا خلق مزدورئ او کړی، د دوئ د ننه هغه جراثیم لاړ شی او ډیر غریبان خلق وی، روز مره مطلب دا دے چه په دیهاړئ باندے کار کوی او دلته کښې بیا دوئ ته هیڅ څه نه ملاویږی۔ د سینے تکلیف وی ورته، د ګردو تکلیف وی، د پهیپهړو تکلیف وی نو زما دا ګزارش دے چه دغه خلقو د لاسه مونږ ته ډیره لویه پیسه راځی۔ یو حد د دوئ ته مقرر کړلے شی، حکومت څومره وی خو مطلب دا دے چه د دغه خلقو علاج معالجے باندے پیسے خرچ کړلے شی۔ ما بل ځل هم دا سوال هم د دے مقصد د پاره راوړے وو او اوس هم هغه درخواست دے جی حکومت ته۔

جناب سپیکر: دا مفتی صاحب، دا د کوئلے غرونو کښې چه کوم مزدوران کار کوی، د هغوی د پاره خبره کوئ؟

مفتی سید جانان: د هغوی د پاره چه چپسم کښې چه شوک کار کوی، د هغوی د پاره او د ماربلو کانونو کښې جی چه کوم خلق کار کوی، د هغوی د پاره جی زه دا خبره کوم۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی سردار۔۔۔۔۔

سردار شمعون یار خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب پہلے، اس کے بعد شمعون یار خان! آپ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر، انہوں نے (ب) کے جواب میں یہ کہا ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا صوبہ میں موجود مختلف اقسام کی معدنیات کی کانوں میں کام کرنے والے ہزاروں مزدوروں کو مندرجہ ذیل سہولیات مہیا کر رہی ہے۔ اس میں انہوں نے (3) نمبر پہ کہا ہے کہ تین لاکھ روپیہ فوتگی گرانٹ ہے تو پچھلے مہینے غالباً بریلی کے مقام پر ایک کان گری ہے جس میں گیارہ مزدور فوت ہو گئے ہیں تو وہاں پہ انہیں صرف ایک ایک لاکھ روپیہ گرانٹ دی گئی ہے تو آیا حکومت مزید جو دو لاکھ روپیہ ان کا بقایا رہتا ہے جس طرح انہوں نے اس میں دیا ہے، وہ دینے کا ارادہ کب تک رکھتی ہے؟

جناب سپیکر: جی۔ سردار شمعون یار خان۔

<u>سردار شمعون یار خان</u>: شکریہ، جناب سپیکر۔ کوئسچن میں Answer تو بڑا Briefly دیا گیا ہے، تمام سہولیات کے بارے میں اور مجھے پورا یقین ہے اور اگر کوئی جاننا بھی چاہے ڈیپارٹمنٹ سے، ممبر اسمبلی، کوئی بھی، تو یہ یہاں پہ جتنی بھی سہولیات دی گئی ہیں، ان میں سے کوئی بھی اپنی جگہ موجود نہیں ہے اور ضرورت پڑنے پر وہ مہیا بھی نہیں ہوتی ہیں تو میں پوچھنا چاہتا ہوں، یا منسٹر صاحب خود ہمیں بتادیں کہ انہوں نے Further کوئی Plan کیا ہے؟ یا ان تمام چیزوں میں سے کوئی چیز میسر ہے تو وہ بھی ہمیں بتادی جائے کہ کونسے ارادے ہیں؟

<u>جناب سپیکر</u>: جی، لودھی صاحب۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جناب سپیکر، یہ جو بڑا ہی افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے، یہ میری Constituency کا تھا، جس میں گیارہ لوگوں کی فوتگی ہوئی اور چار دن کے بعد ہم نے ان کو نکالا۔ میں شمعون خان کا بھی مشکور ہوں، چونکہ سردار صاحب کا، ایم این اے کا ایریا تھا اور انہوں نے بھی چکر لگایا تھا لیکن میں تو وہاں پورے چار دن رہا ہوں، آخری لاش نکلنے تک، تو جو آہ و بکا وہاں تھی، ہزاروں آدمی جمع ہو گئے تو اس میں ایک تو یہ ہے جی کہ یہ ایکٹ ہے، 'منرل' ایکٹ ہے کہ جب بھی کسی ایریا میں یہ لیز دیتے ہیں یا کنٹریکٹر کو دیتے ہیں، منسٹر صاحب کا میں مشکور ہوں کہ انہوں نے ایک دو دفعہ Visit بھی کیا ہے، یہ اس ایریا کو اچھی طرح جانتے ہیں تو اس میں وہ روڈ بناتے ہیں جی اور روڈ کے کسی کو کروڑوں کے ٹھیکے دے دیئے ہیں، وہ اربوں میں کمائیں گے لیکن ان پر کوئی پابندی نہیں ہے کہ وہ روڈ کو Develop کریں۔ وہ روڈ ایسا ہے جناب سپیکر، اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو Visit کراؤنگا، آپ دیکھ لیں، وہاں پیدل انسان نہیں چڑھ سکتا اور اس پر وہ جیپوں سے لا رہے ہیں اور اس روڈ کو بنانا موت کو دعوت ہے، تو میرے ایریا میں بڑی بے چینی پیدا ہو گئی ہے جی، تو ایک تو وہ روڈ نہیں ہے، دوسرا یہ ہے کہ ہیلتھ یونٹ بنانا ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری ہے، کتنی بڑی وہ ہے، وہ ہزاروں لیبر، سینکڑوں میں وہ ہوتے ہیں، ان کیلئے ہیلتھ یونٹ کا انتظام کیا جائے تاکہ ان کو 'فرسٹ ایڈ' مل جائے، کچھ ان کو ریلیف دی جائے اور اس کے بعد پانی کی سکیمیں جو ہیں نا، یہ ان کی ذمہ داری ہے اور اس کے بارے میں کچھ نہیں سوچا جا رہا، ان لوگوں کیلئے اور ان ظالموں نے یہ کیا ہے کہ بڑے بڑے انہوں نے عرب پاس اور ایسے لوگ بھیج دیئے ہیں، انہوں نے کیا کیا؟ لوکل لوگوں کو تھوڑی سی Incentive دیکر کہ آپ نکالیں، نکالیں آپ اور ہمیں Main road پر لاکر دیں۔ ان کو چار یا پانچ سو روپیہ دیہاڑی بچتی ہے اور یہ لوگ اس میں سے کروڑوں کماتے ہیں، ایک جیپ کے ساتھ دس ہزار روپے

کماتے ہیں اور لیبر کو دو چار سو یا پانچ سو روپے دیہاڑی پڑتی ہے۔ انہوں نے کچھ بھی نہیں کیا۔ 'مائنز' کا یہ ہے کہ اس میں ٹنل آپ کریں گے اور اس ٹنل میں Encroachment کریں گے کہ اس کے اوپر جتنا بوجھ ہے، اس کی Encroachment کریں تاکہ یہ بیٹھ نہ جائے۔ یہ Open میرے پہاڑوں کو کھود رہے ہیں، میری زمینیں تباہ کر دی ہیں، میرے لوگوں کو بیکار کر دیا ہے، اوپر سے بڑے بڑے پتھر آ گئے ہیں، سارے گاؤں تباہ ہو گئے ہیں اور میں مشکور ہوں وزیر اعلیٰ صاحب کا کہ انہوں نے کچھ ان کی مرہم پٹی کیلئے لاکھ لاکھ روپیہ دیا اور گیارہ آدمی تھے، گیارہ لاکھ روپے دیئے لیکن یہ تین لاکھ کی بات تو اس میں ان کے محکمہ کی طرف سے کوئی اعلان ہونا چاہیئے کہ وہاں جو لوگ میرے وفات پا گئے ہیں اور اس کے بعد Illegal اور legal یہ کہہ رہے ہیں تو Illegal تو آپ کے Major contractors کرا رہے ہیں لوگوں سے، اس کو بند کیا جائے اور سب Major contractors کو بھی بند کیا جائے اور اس کے بعد اس کی روڈیں اور یہ چیزیں کریں پھر ان کو Allow کریں۔ جناب سپیکر، یہ بڑا ظلم ہو رہا ہے میرے علاقے میں۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ بڑا Serious matter ہے جی۔ شازیہ اورنگزیب بی بی، آپ بھی مائننگ۔۔۔۔۔

<u>محترمہ شازیہ اورنگزیب:</u> جی سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہ اسی 'مائننگ' سے؟

<u>محترمہ شازیہ اونگزیب خان:</u> جی بالکل۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی بی بی۔

<u>محترمہ شازیہ اورنگزیب خان:</u> تھینک یو، جناب سپیکر۔ I want to be very brief۔ جناب سپیکر، یہ میں ان سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ کیا Settled areas کیلئے جو Facilities دی جا رہی ہیں تو کیا اسی طرح سے Tribal belt میں بھی یہی Facilities دی جا رہی ہیں کہ نہیں؟ اس میں جسطرح سے جناب، یہ میران شاہ میں کرومائٹس جہاں پہ نکلے ہیں، پھر اس میں جی، درہ آدم خیل میں جس طرح سے ابھی وہاں پہ کوئلے کی کان دریافت ہوئی ہے اور پھر مہمند ایجنسی میں وہاں پہ ماربل، اس پہ بھی کام ہو رہا ہے تو کیا وہاں پہ بھی یہی Facilities دی جا رہی ہیں جسطرح سے Settled areas میں؟ تو یہ پلیز اس کیلئے اگر مجھے وہ ذرا بریف کر دیں۔

جناب سپیکر: بی بی، یہ فریش کوئسچن میں آتا ہے، فریش کوئسچن آپ لکھ کر بھیج دیں تو اس کا Proper جواب مل جائے گا۔ ویسے جی، محمد علی خان! اس میں جو یہ اس وقت ہے۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر، تاسو خو شازیه بی بی ته اووئیل، شازیه اورنگزیب ته چه فریش کوئسچن راوړئ خو دا زمونږ د فاټا خبره هم Related ده، ماربل سره ده، هلته جی د ښبنکلو اوبه هم نشته، هغه د جوهړ اوبه دی، ځناور ئے هم ښبنکی، انسانان ئے هم ښبنکی۔ هلته هم لیبر، مزدوران تقریباً میاشت، دوه میاشتو کښے درے ځلور کسان مری۔ هغوی له څوک هیڅ دغه نه ورکوی، امداد ورسره نه کوی۔ هغه هم انسانان دی او هغوی نه هم دوئ دا رائلټی ټیکس په کروړونو روپئ اخلی هر کال نو مهربانی اوکړئ، زه تاسو ته وایم جی، تاسو ته ریکویسټ کومه، تاسو هم دے کار سره او زه خپله هم دے کار سره Related یم، نو چه دا دیکښے څه انټرسټ واخلئ چه دا مسئله فاټا کښے ده چه دوئ له هم څه سهولتونه ورکړی۔

جناب سپیکر: جی۔ آنریبل منسٹر، مائنز، منرلز۔ یہ ایک Serious matter ہے، یہ جو Illegal Mining آپ کی ہو رہی ہے اور اس میں اتنی جانیں ضائع ہوئی ہیں، اس پہ پہلے تو آپ ان کو مطمئن کریں پھر سارا ہاؤس آپ سے کچھ اور بھی انفارمیشن چاہے گا جی۔

جناب محمود زیب خان (وزیر معدنیات، معدنی ترقی): جناب سپیکر، میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے ایک اہم مسئلے کی طرف توجہ دلائی۔ مفتی صاحب نے جو سوال کیا ہے، اس میں انہوں نے قدرتی ذخائر کہ صوبہ سرحد میں، خیبر پختونخوا میں کون کونسے معدنی ذخائر پائے جاتے ہیں؟ جس کی تفصیل ہم نے جواب میں دی ہے۔ یہاں پہ تقریباً ہر قسم کے معدنی ذخائر موجود ہیں خیبر پختونخوا میں اور جہاں تک انہوں نے بات کی ہے آمدنی کی کہ وہاں پہ اس سے جو آمدنی ہوتی ہے، وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ میں ہم جمع کرتے ہیں لیکن صوبہ خیبر پختونخوا کے جتنے بھی مزدور ہیں، ان کو ورکر ویلفیئر بورڈ میں رجسٹرڈ کرنا پڑتا ہے لیکن وہاں پہ جو لوکل کنٹریکٹرز ہیں یا جو بھی ہیں، ابھی تک انہوں نے صحیح طریقے سے ان کو رجسٹرڈ نہیں کیا ہے البتہ یہاں پہ ایبٹ آباد میں جو واقعہ ہوا ہے، یہ بھی Illegal mining ہو رہی تھی اور یہ تقریباً روڈ سے آٹھ دس کلو میٹر کے فاصلے پر تھی، وہ روڈ سے بہت دور تھی، وہاں پہ وہ فاسفیٹ کی Illegal mining کر رہے تھے اور وہاں پہ ان کے اوپر پہاڑی تودہ گر گیا تھا جس سے تقریباً بارہ لوگ ہلاک ہو گئے

تھے، شہید ہو گئے تھے لیکن صوبائی حکومت کی طرف سے اسی وقت ان کو ایک ایک لاکھ روپے فراہم کئے گئے تھے، اگرچہ وہی لوگ Illegal mining میں ملوث تھے، ہم ان کو Recommend بھی نہیں کرتے تھے کہ ان کو یہ رقم دی جائے کیونکہ وہ Illegal mining کر رہے تھے لیکن پھر وزیر اعلیٰ صاحب اور ہمارے ڈیپارٹمنٹ کے درمیان میٹنگ ہوئی کہ ان کو کچھ نہ کچھ دینا چاہیئے تو ایک ایک لاکھ روپے ہم نے ان کو دیئے ہیں۔ بقایا جو تین لاکھ روپے کی بات یہاں کو سچن میں جو ہم نے کی ہے کہ جو رجسٹرڈ 'مائنزاونر' ہیں، اور یجنل جو صحیح 'مائنزاونرز' ہیں، جس جس کو حکومت نے لائسنس دیئے ہیں، اگر انہوں نے اپنے مزدوروں کو رجسٹرڈ کیا ہے تو ان کو ورکر ویلفیئر بورڈ کیطرف سے تین تین لاکھ روپے معاوضہ دیا جائے گا، جو رجسٹرڈ مزدور ہیں، البتہ مفتی صاحب نے جو بات کہی ہے کہ جو میڈیکل سہولیات ہیں، وہ ان کو فراہم کی جائیں تو انشاء اللہ میڈیکل کی تمام سہولیات ان مزدوروں کو پہنچائی جارہی ہیں، ایسا نہیں ہے اور میرے بھائی شمعون خان نے جو بات کہی ہے کہ وہاں پہ یہ جو سکیمیں انہوں نے بتائی ہیں، یہ سائٹ پہ موجود نہیں ہیں۔ شمعون خان ہمارے ساتھ بیٹھیں، ہمیں بتائیں کہ کہاں پہ سکیم نہیں ہے تو پھر ہم کوئی ایکشن کر سکیں گے لیکن یہ ہمیں بتادیں کہ کہاں پہ سکیم نہیں ہے؟ دوسری بات یہ کہ نلوٹھا صاحب نے جو بات کہی ہے، اس میں یہ ہے کہ وہاں پہ ہزارہ میں ایک چیز ہے، یہ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے ایبٹ آباد کے لوگ کہتے ہیں کہ Illegal mining ہو رہی ہے، اسے کیوں نہیں روکا جاتا؟ تو پورے ایبٹ آباد میں دو 'منزل' گارڈز ہیں، ان کے ساتھ ہری پور بھی ہے اور ایبٹ آباد بھی ہے تو دو 'منزل' گارڈز پورے ہزارہ ڈویژن یعنی ایبٹ اور ہری پور کو کنٹرول نہیں کر سکتے۔ ہم نے وہاں پر ایس ایس پی ایبٹ آباد کو ریکویسٹ کی ہے، وہاں پہ ابھی ہم چیک پوسٹ بنانا چاہتے ہیں اور ہمارے بڑے بھائی قلندر لودھی صاحب نے جو بات کی ہے کہ روڈ پہ جو مال آرہا ہے، اس پہ کانٹا لگانے کی بات کی ہے تو ان کی بات بالکل ٹھیک ہے، ان سے ہم نے اس پہ بات کی ہے اور یہ خود لگانا چاہتے تھے مگر ہم نے کہا کہ آپ خود آئیں اگر لگانا چاہتے ہیں تو 'منزل' ڈیپارٹمنٹ آپ کو سپورٹ کرے گا البتہ یہ ہے کہ ہماری ابھی کوشش ہے کہ ہمارا اپنا جو ڈیپارٹمنٹ ہے، اس کے کے جتنے بھی 'منزل' گارڈز ہیں، ان کیلئے SNE ہم فنانس ڈیپارٹمنٹ کو بھیجیں گے، اگر وہ پوسٹیں Create کرے تو انشاء اللہ ہم ہر جگہ پہ وہ کریں گے، تو اس وقت یہ Illegal mining کنٹرول ہو سکے گی۔ باقی میری بہن شازیہ اورنگزیب نے بات کی کہ PATA، تو میں انکے علم میں یہ لانا چاہتا ہوں کہ PATA فیڈرل گورنمنٹ کا وہ ایریا ہے، اس میں صوبائی حکومت کی کوئی مداخلت

نہیں ہے، وہ ACS PATA کے کنٹرول میں ہے، البتہ اگر وہ اس پہ بات کرنا چاہتی ہیں تو گورنر صاحب یا ایم این اے کے Through فیڈرل گورنمنٹ سے بات کریں تاکہ اس میں جو کمی ہے، وہ پوری ہو سکے۔

<u>محترمہ شازیہ اورنگزیب خان:</u> جناب سپیکر! میں نے FATA کی بات کی ہے، PATA کی نہیں کی۔

<u>جناب سپیکر:</u> کیوں ان کی اردو، آپ کو وزیر صاحب کی اردو پسند نہیں آئی؟

<u>محترمہ شازیہ اورنگزیب:</u> جناب سپیکر!

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> جناب سپیکر!

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر!

<u>جناب محمد علی خان:</u> جناب سپیکر!

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> نہیں، وہ اردو بڑی اچھی بولتے ہیں وزیر صاحب جی، لیکن۔۔۔۔

<u>مفتی سید جانان:</u> سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر:</u> پانچوں کے پانچوں کھڑے ہو گئے ہیں، ایک بھی مطمئن نہیں ہوا؟

<u>جناب محمد علی خان:</u> بالکل جی۔

<u>محترمہ شازیہ اورنگزیب:</u> جناب سپیکر! میں نے FATA کی بات کی تھی، میں نے PATA کی بات نہیں کی اور مجھے PATA کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

<u>اراکین:</u> وزیر صاحب نے PATA ہی کہا ہے۔

(شور)

<u>جناب سپیکر:</u> مفتی صاحب، مفتی جانان صاحب موؤر ہیں، موؤر کا پہلے حق ہوتا ہے۔

<u>مفتی سید جانان:</u> زهٔ جی دا وایمه کنه چه که دا غریبان خلق وی نو خانئ به مو جی چلیږی۔ دیکښے دا خبره نشته دے چه یا د حکومت پارټئ لاندے شی او یا اپوزیشن۔ زما یو ساده گزارش دے جی، دغه خلقو ته نهایت زیات تکلیف دے، دا د کمیټئ ته لاړ شی، منسټر صاحب د لږه مونږ سره گزاره اوکړی۔ دا خلق جی، یقین اوکړئ که تاسو دے هسپتال ته لاړ شئ او هغه خلق اوگورئ، خوک د دیرشو کالو او خوک د دوه دیرشو کالو، لږ لږ دوایانو د لاسه مړه کیږی جی۔ زه دا گزارش کوم چه دا د کمیټئ ته لاړ شی، منسټر صاحب هم څنو خبرو کښے

کیدے شی بے بسه وی چه هلته که په دے باندے بحث اوکړلے شی او د دغه غریبانو خلقو څه مداوا اوشی جی۔

جناب محمود زیب خان (وزیر معدنیات و معدنی ترقی): زهٔ جی د مفتی صاحب نه دا تپوس کومه چه دوئ د یو مزدور مونږ ته اوښائی چه هغه ته دوائی نه ده ملاؤ شوے په کوم هسپتال کښے، دوئ د مونږ ته لږ هغه Identify کړی۔

مفتی سید جانان: اوس داسے چل به اوکړو جی، یو سړی وئیل چه ما شل گزه ټوپ وهلے وو نو بل ورته اووئیل چه دا گز او دا میدان۔ زهٔ اوس چه دا اجلاس ختم شی نو تا بوځم لیډی ریډنگ هسپتال ته، که نه وی، که مزدوران نه وی مطلب دا دے بیا به زما خبره دروغژنه وی، زهٔ اوس تا بوځم، اوس۔ هغه مخکښے، د هغه کلونو، د میاشتو خبرے پریږده، اجلاس ختم شی منسټر صاحب! زهٔ او ته اوس ځو، زهٔ اوس تا ته مزدوران ښائم هلته کښے۔ او جی، او۔

